# مانمن خبریں

نمبر 64_ 15 اکتوبر 2017

# مانمن خدا کی محبت اور قدرت میں متحد تھی!

## مانمن موسمِ گرما ریٹریٹ میں 37 ممالک سے لوگوں نے شرکت کی



7 تا 10 اگست، مانمن موسمِ گرما ریٹریٹ دیاگ یُو سان ریسورٹ بمقام موُجُو، جیانبُک صوب میں سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کے ساتھ بطور مقرر معقد کیا گیا۔ یہ جی سی این ٹی وی کے ذریعہ نشر کیا گیا اور اس میں تقریباً 1100 بشپ صاحبان، پاسبان اور ایماندار 37 مختلف ممالک سے شریک ہوئے تھے۔

مرکزی موضوع تھا" قدرت" جو کہ یوحنا 14 : 12 سے لیا گیا تھا، اور اس کا 13 زبانوں میں ترجمہ کیا گیا جس میں انگریزی، چینی، جاپانی، روسی، ہسپانوی، فرانسیسی، تھائی، ہندی، تامل، تاگالوگ، انڈونیشیائی، منگولیائی، اور ویتنامی زبانیں شامل ہیں۔

اشاروں کی زبان میں ترجمہ کی سہولت فراہم کرنے کیلئے کوریا اور بیرونِ کوریا سے گونگے اراکین نے 9 اشاروں کی زبانیں استعمال کیں۔ ان میں کوریا، ملیشیا، تھائی، لیتویا، ڈینش، فیروئیس، جرمنی، آسٹریلیا، اور چین کی زبانیں شامل ہیں۔

### عجیب کام: سمندری طوفان کا رُخ بدل گیا اور موسم کا درجہ حرارت بھی مناسب رہا

ریٹریٹ سے پہلے، سمندری طوفان نورو، جو موسم کا پانچواں سمندری طوفان تھا، جنوبی کوریا کی طرف بڑھ رہا تھا۔ پیشین گوئی میں کہا گیا تھا کہ 7 اگست کو یہ ملک کے کچھ حصوں کو براہِ راست متاثر کرتے گا اور دیگر علاقوں میں بالواسطہ اثر انداز ہو گا، اس کے ساتھ پورے کوریا میں شدید بارشیں ہوں گی۔ 3 اگست کو ڈاکٹر لی نے دعا کی کہ طوفان دم توڑ دے یا رُخ بدل لے۔ اس کے بعد، یہ توقع سے بھی زیادہ مشرقی جانب بڑھنا شروع ہوا، جس کے نتیجہ میں کوریا اس سے متاثر نہ ہوا۔ 4 اگست کو انہوں نےدوبارہ دعا کی اور اُس کا رُخ 100 کلومیٹر دُور پیننسولا کی طرف ہو گیا اور اس بہت کمزور بھی ہو گیاتھا۔

جیسا کہ ڈاکٹر جے راک لی نے کہا تھا 6 اگست کوریٹریٹ میں سارے کام کے دوران درجہ حرارت 25 اور 26 کے درمیان رہا اور ٹھنڈی ہوا کے جھونکے اور بادل موجود رہے۔ مزید یہ کہ، اگرزہ سارے موُجُو میں شدید گرمی کی پیشین گوئی کر کے خبردار کیا گیا تھا تاہم وہاں ایسا کچھ نہ ہوا۔ جب سب تقریبات ہو گئیں تو 10 اگست کو درجہ حرارت 30 ڈگری سے بھی اوپر چلا گیا، اور ایک بار پھر اراکین نے خدا کی محبت کا تجربہ پایا جس نے مانمن کی حفاظت کی جیسے اُس نے جشن میں بنی اسرائیل کی حفاظت کی تھی۔

### بھرپور قدرت: بیماریوں سے شفا ہوئی اور روحانی دنیا بھی ظاہر ہوئی

سیمینار کے پہلے دن ڈاکٹر لی نے "خدا روح ہے" کے عنوان سے خدا کے بارے میں منادی کی (یوحنا 4 : 24)۔ انہوں نے کہا کہ خدا کے لئے کچھ بھی ناممکن نہیں ہے، وہ انسان کے دلوں خیالوں کو جانتا ہے، اور چاہتا ہے کہ وہ پوری روح پائیں اور ایسا کر کے عظیم ترین جلال میں سکونت کریں۔

ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ میں، انہوں نے تعریف کے گیت گائے اور توبہ کیلئے دعا کی۔ پھر ڈاکٹر لی نے سب شرکا اور جی سی این کے ناظرین اور انٹرنیٹ پر دیکھنے والوں کیلئے دعا کی تا کہ منفی خیالات اور تاریکی کی قوتیں اُن میں سے نکل جائیں، اُن کے اصل دل تجدید پائیں اور دعاؤں کا جواب پانے کیلئے روحانی ایمان پائیں۔ انہوں نے یہ دعا بھی کی کہ پاک روح کی آگ ہر طرح کی بیماری اور معذوری کو جلا ڈالے، اور ہر طرح کا سرطان اور ذہنی بیماریوں سے شفا ہو جائے، خواہ وہ وقت اور فاصلوں سے جتنا ہی دُور کیوں نہ ہو۔

اس ریٹریٹ میں بالخصوص ڈاکٹر لی کی دعا نے پوری قوت کے ساتھ اصل نُور اور آواز کے ساتھ کام کیا اور جو لوگ بدروح گرفتہ تھے وہ آزاد ہو گئے۔ اُن کوآزاد ہوتے دیکھ کر اراکین نے جانا اور تسلیم کیا کہ دشمن شیطان اور ابلیس لوگوں کو ہر وقت گناہ کرنے پر اکساتے ہیں، اُن کو خود کشی پر آمادہ کرتے ہیں اور انہیں جہنم میں لے جاتے ہیں۔ خدا نے یہ کام راکین کی راہنمائی کیلئے دکھائے کہ وہ کلام کے مطابق اور خداپرستی کی زندگی گزاریں۔

علاوہ ازیں، کئی لوگوں کو ان کی بیماریوں سے شفا ملی جن میں ہڈیوں کا چُور چُور ہونا، چہرے کا فالج، بدن کے نچلے حصہ میں پانی اکٹھا ہو جانا، ہائپو تھائیرائڈزم، اور اچانک قوتِ سماعت کا ختم ہو جانا شامل ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی بہرے اراکین تھے جو سننے لگے۔

# کانٹوں کا تاج پہننے میں یسوع کی پیش انتظامی

"اور سپاہی اس کو صحن میں لے گئے جو پریتورین کہلاتا ہے اور ساری پلٹن کو بلا لائے۔ اور انہوں نے اسے ارغوانی چوغہ پہنایا اور کانٹوں کا تاج بنا کر اس کے سر پر رکھا "(مرقس 15 :16-17)۔

سب انسان گنہگار ہو گئے۔ یسوع زمین پر آیا اور انسان کو گناہوں سے چھڑانے کے لئے بہت دکھ سہا۔ اگر ہم تفصیل سے جانے کہ اُس نے ہمارے لئے کیا کیا تھا، تو ہم خدا کی محبت کا اور زیادہ احساس پائیں گے اور پُرجوش مسیحی زندگی گزاریں گے۔ آئیں اب یہ موضوع چھیڑیں کہ یسوع نے کانٹوں کا تاج کیوں پہنچا تھا۔

### 1۔ یسوع کے کانٹوں کاتاج پہننے اور خون بہانے کی وجہ

خدا کا بیٹا ہونے کی حیثیت سے صرف یہ بات ذہن کو قبول ہو سکتی ہے کہ وہ عظمت اور جلال کا تاج پہنے۔ بہرحا، اپنے دکھوں کے درمیان یسوع نے نہایت ہی نوکیلے کانٹوں کا تاج پہنا تھا۔ لمبے اور تیکھے کانٹے یسوع کے سر میں کُھس گئے، اُس کی کنپٹی کا درد چیز دینے والا تھا اور ساتھ ہی اس کا خون بہہ رہا تھا جس سے اُس کا چہرہ نچڑ کر رہ گیا تھا۔ یسوع نے کانٹوں کا تاج کیوں پہنا اور خون کیوں بہایا؟ یہ انسان کے گناہوں کی معافی کے لئے تھا جو انہوں نے اپنی سوچوں میں کئے تھے۔

انسان کے دماغ میں یادداشت کا ایک آلہ ہوتا ہے جو علم کو محفوظ رکھتا اور استعمال میں لاتا ہے۔ جس شخص نے جتنی معلومات دیکھی، سنی اور سیکھی ہوتی ہے، پیدایش کے وقت سے ہی وہ احساسات کے درجہ کے مطابق دماغ میں محفوظ ہوجاتی ہے اور اِسے علم کہتے ہیں۔ حالات اور ماحول جس میں کوئی شخص پروان چڑھتا ہے اور تعلیم پاتا ہے وہ فرداً فرداً مختلف ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ دو لوگ جنہیں کسی ایک ہی شخص نے تعلیم دی ہو ایک ہی ماحول مِلا ہو، تاہم جن احساسات کے ساتھ اس شخص نے تعلیم پائی ہوتی ہے وہ مختلف ہو گا، اور یہی وجہ ہے کہ اُن کی اقدار اورمعیار کا درجہ مختلف ہوتا ہے جس سے وہ نیک و بد کے درمیان امتیاز کرتے ہیں۔

"سوچیں" کسی بھی بنیاد پر علم کا پھل ہیں۔ چونکہ ہر شخص کا حاصل کردہ علم فرق ہوتا ہے، اس لئے لوگ مختلف سوچتے ہیں خواہ وہ ایک ہی واقعہ دیکھ لیں۔ اس فرق اس لئے ہے کیونکہ جس ملک کے معاشرے میں وہ علم حاصل کرتے ہیں وہ کسی دوسرے ملک میں تنقید کا نشانہ بن سکتا ہے۔ شاید آپ نے اس بات کو سیکھا ہو کہ اِسی کو معاشرتی اعتبار سے اپنے وطن میں غلط انداز سے رہنا شاید کسی دوسرے کو غلط نہ محسوس ہو۔ اس کے علاوہ اِس دنیا کے زیادہ تر لوگوں کی سوچیں شیطان کے زیرِ تسلط ہوتی ہیں، اس لئے وہ اکثر سچائی کے ساتھ متضاد ہوتی ہیں۔

مثال کے طور پر، جب کسی کو سراہا جائے، تو شیطان ناراسی پر حکمرانی کرتا ہے اور لوگوں میں عدم اطمینان اور شکستگی کی سوچیں پیدا کرتا ہے۔ اگر لوگوں میں صرف سچائی کا علم ہو تو شیطان اُن کی سوچوں پر حکمرانی کرنے کے لائق نہیں ہو گا؛ وہ ہمیشہ سچائی میں شادمان ہو سکتے ہیں۔ پس، ہمیں دلجمعی کے ساتھ خدا کے کلام کو سننا چاہئے اور اسے اپنی خوراک بنالینا چاہئے۔ ہم روح اور سچائی سے خدا کی پرستش کر کے اور خدا کے کلام کو صرف ہاں اور آمین کے ساتھ قبول کر کے خود کو بدل سکتے ہیں۔

### 2۔ سوچوں میں کئے گئے گناہوں کو کیسے دور پھینکا جا سکتا ہے اور کیسے روحانی سوچ رکھی جاسکتی ہے

خدا کے کلام کو سنتے ہوئے بعض لوگ کہیں گے "آمین" اگر وہ اُن کے سوچ کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ تاہم، اگر پیغام اُن کے علم یا تجربات سے ہم آہنگ نہ ہو تو شاید وہ اسے اتنی خوشی کے ساتھ قبول نہ کریں۔

بائبل مقدس میں ہم ایک منظر دیکھتے ہیں جس میں یسوع نے اپنے شاگردوں سے اپنی مصلوبیت کی پیش انتظامی کا ذکر کیا اور پطرس نے جواب میں کہا،" خدا نہ کرے، خداوند!" یہ ایسا لگتا ہے جیسے کوئی پیروکار اپنے استاد کے ساتھ بے پناہ محبت کرتا ہے، لیکن پطرس کی باتیں



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

اُس کے جسمانی انداز سے صادر تھیں، وہ سوچ جو خدا کی مرضی کو پورا ہونے سے روکتی ہے۔ اسی وجہ سے یسوع نے اُسے جھڑکا اور کہا،" اے شیطان میرے سامنے سے دُور ہو! تُو میرے لئے ٹھوکر کا باعث ہے کیونکہ تُو خدا کی باتوں کا نہیں بلکہ آدمیوں کی باتوں کا خیال رکھتا ہے" (متی 16 :23)۔

جیسا کہ لکھا ہے، وہ سوچیں جو خدا کی مرضی پورا ہونے کے سامنے رکاوٹ ہیں وہ جسمانی ہیں۔ جسمانی لوگوں کو شاید جسمانی انداز حکمت والا اور اچھا لگے لیکن خد اکے نزدیک دشمنی ہےاور خدا کا اس کے ساتھ کوئی سروکار نہیں۔ رومیوں 8: 7 میں لکھا ہے کہ "اس لئے کہ جسمانی نیت خدا کی دشمنی ہے کیونکہ نہ تو خدا کی شریعت کے تابع ہے نہ ہو سکتی ہے"۔ دوسرے الفاظ میں، ہمیں ساری جسمانی سوچوں کو دُور پھینکنا چاہئے اور ہر طرح کا علم اور معلومات جو ہمارے پاس ہے اگر وہ خدا کی مرضی سے متضاد ہے تو اس کی درستی اور اصلاح کی ضرورت ہے (2-کرنتھیوں 10: 5)۔

خدا کے ساتھ ملاقات کے بعد اب تک میں نے کبھی اُس کے کلام میں جسمانی خیالات کی آمیزش کر کے شک نہیں کیا۔ میں نے بغیر کسی شک کے ایمان رکھا کہ خدا قادرِ مطلق ہے کیونکہ میں نے خدا کی قدرت کا تجربہ پایا جس نے مجھے یکدم ساری بیماریوں سے شفا دی تھی۔ ایمان کے ساتھ میں نے خدا پر بھروسا رکھا اور ہر طرح کی صورت حال میں صرف دعا کرتا رہا اور اُس نے میرے ایمان کے مطابق بڑے عجیب کام ظاہر کئے۔ جب ہم جسمانی سوچوں کے بغیر خدا پر انحصار کرتے ہیں تو وہ یقینا ہمارے لئے کام کرے گا۔

اُن گناہوں کو دور کرنے کیلئے جو ہم سوچوں میں کرتے ہیں، لازم ہے کہ پہلے ہم اپنے دلوں کو پاک بنائیں۔ 1-یوحنا 2 :16 ہمیں بتاتی ہے کہ،" کیونکہ جو کچھ دنیا میں ہے یعنی جسم کی خواہش اور آنکھوں کی خواہش اور زندگی کی شیخی وہ باپ کی طرف سے نہیں بلکہ دنیا کی طرف سے ہے"۔

جب دل بدی سے بھرا ہو اور عادتیں دنیا کی راہوں پر چلنے والی ہوں تو فطری بات ہے کہ لوگ جسمانی سوچیں ہی رکھیں گے۔ جہاں "جسم کی خواہش" ہو گی، دنیاوی چیزوں کی تڑپ ہو گی اوراُن چیزوں کی خواہش جو خدا کی مرضی کے خلاف ہیں آنکھوں کو بہت ہی اچھی معلوم ہوں گی۔ پھر فطری بات ہے کہ لوگ ان چیزوں کے پیچھے بھاگیں گے اور جب گنہگار شخص کی طلب اور خواہش بہت بڑھ جاتی ہے تب وہ جسمانی کاموں میں ڈھلنے کیلئے اور بھی زیادہ تڑپ رکھتے ہیں (گلتیوں 5: 19-21)۔" آنکھوں کی خواہش" ایسی عادت ہے جو کسی شخص کو اُس منظر کے وسیلہ سے ابھارتی ہے جو وہ دیکھتا ہے، سنتا ہے اور احساسات کے ذریعہ تجربہ کرتا ہے، یہ بات اُن کو جسمانی باتوں کی زیادہ تلاش پر مائل کرتی ہے۔ "آنکھوں کی خواہش کے ساتھ "لوگ دنیاوی اور جسمانی بن جاتے ہیں اور پہلے سے بھی زیادہ شہوت بھری باتیں پسند کرتے ہیں۔

"زندگی کی شیخی" ایسی عادت ہے جو اِس دنیا میں حاصل ہونے والی سب خوشیوں اور آسائشوں کی بابت خود پر گھمنڈ کرنا چاہتی ہے۔ "زندگی کی شیخی" لوگوں کو برتری اور سبقت لے جانے پر اور اپنی تعریف کئے جانے اور شہرت اور اختیار پانے پر اکساتی ہے۔ ایک بار جب آپ جسم کی خواہش، آنکھوں کی خواہش اور زندگی کی شیخی کو دور کرنے میں کامیاب ہوجائیں تو روحانی سوچیں پا سکتے ہیں جو خدا کو پسندیدہ ہیں۔

### 3۔ خدا ہمارے لئے آسمان پر خوبصورت تاج تیار کرتا ہے

چونکہ یسوع نے ہماری خاطر کانٹوں کا تاج پہنا تھا، ہمیں سوچوں اور خیالوں میں کئے گئے گناہوں کی معافی ملی ہے اور ہم جب آسمان میں جائیں گے تو خوبصورت تارج پہننے کے لائق ہوں گے۔ مختلف قسم کے تاج ہیں جو ہمارے لئے تیار کئے جا رہے ہیں۔ ہم سب جس طرح کے تاج پائیں گے اس کا تعین اُس زندگی کے تناسب سے کیا جائے گا جو ہم نے گزاری ہو گی۔

مثال کے طور پر، "کبھی نہ مرجھانے والے" سہرے یا تاج اُن لوگوں کیلئے ہیں جنہوں نے یسوع مسیح کو قبول کرنے اور سچائی سے واقف ہونے کے بعد گناہوں کو دور کرنے کی لڑائی لڑی (1-کرنتھیوں 9 :25)۔ "جلال کا سہرا" اُن لوگوں کیلئے ہے جنہوں نے خدا کے کلام کے مطابق زندگی گزار کر گناہوں کو دور پھینکا اور خدا کو جلال دیا(1-پطرس 5: 4)، اور "زندگی کا تاج" اُن لوگوں کیلئے ہے جنہوں نے حد درجہ تک خدا کے ساتھ محبت رکھتی، خدا کے ساتھ اپنی جان دینے تک بھی وفادار رہے اور اپنی بدی کو دور کر کے تقدیس پائی (یعقوب 1: 2؛ مکاشفہ 2 :10)۔ اس کے علاوہ "راستبازی کا تاج" بھی ہے، اُن سب کیلئے جو پاک، مقدس بنے اور ایمانداری کے ساتھ پوری طرح خدا داد فریضوں کو پورا کیا جو خدا کے نزدیک پسندیدہ ہیں (2- تیمتھیس 4: 8)۔

مکاشفہ 4:4 میں آسمانی بزرگوں کا ذکر ہے جنہوں نے سونے کے تاج پہنے ہوئے ہیں۔ یہاں بزرگوں سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا ایمان سونے کی مانند خالص، لاتبدیل، خدا کو پسندیدہ اور جنہوں نے تقدیس پائی ہے اور جو ہر اعتبار سے وفادار رہے ہوں۔ انہوں نے جس درجہ تک بھی تقدیس پائی ہو گی اور وفادار رہے ہوں گےاس کے حساب سے خدا اُن میں سے ہر ایک کو بطور اجر مختلف تاج دے گا۔

مسیح میں بہنو! اور بھائیو! کانٹوں کا تاج پہن کر یسوع مسیح نے نہ صرف ہمیں گناہوں سے چھڑایا جو ہم نے سوچوں میں کئے تھے بلکہ اُس نے ہمیں آسمان پر خوبصورت تاج پہننے کا موقع بھی دیا ہے۔ میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ آپ جسمانی سوچوں کو پامال کریں جو خدا کی دشمنی کے مترادف ہیں، اور روحانی سوچوں کے ساتھ خدا کی فرمانبرداری کریں اور آسمان پر آفتاب جیسی آب و تاب والے جلال کی شادمانی سے لطف اندوز ہوں۔

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235گرو ڈونگ3، گرو ۔گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن

### ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔
2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔
3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔
4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔
5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال17:25)
"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال4:12)

# عظیم فطری خوبصورتی میں پُر فضل ضیافت
# "دعاؤں کے جواب اور برکات کا زبردست بہاؤ"

مانمن موسم گرما ریٹریٹ میں مانمن اراکین نے کوریا کے سب علاقوں اور دنیا بھر سے شرکت کی اور خدا کے طرف سے دعاؤں کے جواب اور برکات کا تجربہ پایا۔ آئیں اُن لوگوں کی گواہیاں بیان کر کے جنہوں نے گزشتہ ریٹریٹ میں شفا پائی ہے خدا کا اور بھی زیادہ شدت کے ساتھ شکر ادا کریں۔

سمر ریٹریٹ 2014



## "میں بڑے اشتیاق کے ساتھ دوبارہ فرانس سے کوریا آئی"

سسٹر بین روئین لیلیوُ، عمر46 سال، فرانس مانمن چرچ

اک انجیل کیلئے میں پیرس، فرانس میں جی سی این ٹی وی (www.gcntv.org)کے ذریعہ لوگوں کے ساتھ عبادت میں شریک ہوتی ہوں۔ میں جب بھی کوریا آتی ہوں مجھے عجیب برکت ملتی ہے۔

جون 2014 میں جب میں نے سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی سے ہاتھ ملایا، تو مجھے کان کے پردہ کی بیماری، ایگزیما، مسوڑھوں کی بیماری سے شفا مل گئی۔ اسی سال ماہ اگست میں، مجھے بڑھی ہوئی شریانوں سے بھی مانمن سمر ریٹریٹ کے دوران شفا ملی۔ یہ بہت نازک بات تھی کہ پانچ سال تک میں نے دباؤ کیلئے پٹی باندھ کر رکھی اور درد کی گولیاں کھائیں۔ اسے چھپانے کیلئے میں کبھی سکرٹ نہیں پہن سکتی تھی۔ لیکن اب مجھے اس سے پوری شفا مل گئی ہے۔ ہالیلویاہ!

مانمن سمر ریٹریٹ 2015 میں پاک روح کی آگ مجھ پر نازل ہوئی اور میں نے سارے بدن میں بہت گرمی محسوس کی اور مجھے اپنے سر پر جِلد کی بیماری سے شفامل گئی۔ نو ماہ سے اس میں بہت زیادہ خارش رہتی تھی۔ میرے سر میں آبلے بن جاتے تھے اور خون رستا تھا اور مواد جمع ہو جاتا تھا، لیکن ریٹریٹ کے دوران یہ صاف ہو گیا۔



2017 میں موجُو کے مقام پہ

جب خدا نے اپنا فضل مجھ پر انڈیلا تو فرانس اور کوریا کے درمیان فاصلہ اب میرے لئے دُور نہیں رہا۔ میں سارا جلال خدا کو دیتی اور شکر گزار ہوں جس نے مجھ پر کثرت سے فضل کیا ہے۔

موسمِ گرما ریٹریٹ 2013



## "میری بیٹی کا کان کھل گیا!"

ڈیکنیس جنجر کیان برانڈ، عمر33 سال، پینانگ مانمن ڈیف چرچ، ملایشیا

میں اور میرا شوہر بہرے تھے۔ ہماری شدید خواہش تھی کہ ہماری بیٹی بہری نہ ہو۔ لیکن اپریل 2013 میں، طبّی معائنہ میں ظاہر ہوا کہ میری بیٹی سکائلہ بہری ہے۔ ہم بہت افسردہ ہوئے لیکن ایمان رکھا کہ اگر ہم سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائیں تو اسے شفا مل جائے گی۔ لہٰذا ہم نے دل نہ چھوڑا اور بڑے اشتیاق کے ساتھ مانمن موسمِ گرما ریٹریٹ میں جانے کی تیاری کرنے لگے۔

29 جولائی 2013 کو ہم کوریا آئے۔ جب ہم دانی ایل دعائیہ میٹنگ میں تھے تو سکائلہ اچانک چیخنے لگی، ادھر اُدھر دیکھنے لگی اور بہت زیادہ تڑپنے لگی، حالانکہ وہ عموماً خاموش ہی رہتی ہے۔ 2 اگست کو اُن سے سینئر پاسٹر سے دعا کروائی اور انگلیوں کے اشاروں سے اپنی بات بیان کرنے لگی۔

5 اگست 2013 کو، ہم مانمن سمر ریٹریٹ کے دوران سیمینار میں تھے۔ پیغام کے بعد سینئر پاسٹر نے بیماروں کیلئے دعا کی اور ہمارے ساتھ ایک معجزہ ہوا۔ جب میری بیٹی سے سوال پوچھا گیا تو اس نے سر ہلایا۔ جب اس کا نام پکارا گیا تو اس نے مڑ کر دیکھا کہ کون بلا رہا ہے۔ میں بہت خوش ہوئی اور سیدھی سٹیج پر جا کر آنسوؤں کے ساتھ اُس کی شفا کی گواہی دی۔ ہالیلویاہ!



2017 میں سکائلہ کے ساتھ

سکائلہ اب پانچ سال کی ہو گئی ہے اور وہ بہت خوبصورت ہو گئی ہے رنگ بھی صاف ہےاور خداوند میں فہیم ہے۔ مزید یہ کہ، اس سال سمر ریٹریٹ میں میں خود بھی بائیں کان سے پہلے کی نسبت بہتر سُن سکتی ہوں۔ میں سارا جلال زندہ خدا کو دیتی اور شکر گزار ہوں۔

مر ریٹریٹ 2016



## "آنکھ کی شریان کی خرابی سے شفا پانے کے بعد میں بالکل نیا ہو گیا"

ڈیکن چانگھو ما، عمر 55 سال، چائنیز پیرش، مانمن سینٹر ل چرچ

چونکہ میں ایسی جگہ کام کرتا تھا جہاں بہت گرد و غبار تھا اور وہاں کے حالات اچھے نہ تھے، اس لئے میری نظر کمزور ہوتی جا رہی تھی۔ اسی دوران، چار سال پہلے، مجھے بائیں آنکھ سے چیزیں اچانک دھندلی نظر آنے لگی اور ترچھی سیاہ لکیریں نظر کے عین درمیان میں ظاہر ہوتی تھیں۔ مین اپنی آنکھ سے چیزوں کا صرف ایک تہائی منظر دیکھ سکتا تھا۔ میں نے سنا کہ میری آنکھ کی شریان خراب ہو چکی ہے اور ڈاکٹر نے مجھے آپریشن کیلئے کہا ہے۔ مجھے ڈر تھا کہ آپریشن ناکام ہوا تو آنکھ کی بینائی بالکل ختم نہ ہو جائے۔ خوف کی وجہ سے میں نے آنکھ کے عارضہ سمیت ہی زندگی گزانا جاری رکھا حالانکہ اس میں خاصی مشکلات تھیں۔ پھر، میری بائیں آنکھ کی بینائی ختم ہونا شروع ہوئی اور تیزی سے خراب ہونے لگی۔ مجھے روز مرہ زندگی میں کئی مشکلات تھیں۔

اسی دوران، میں نے مانمن سمر ریٹریٹ 2016 میں شرکت کی۔ ڈیوائن ہیلنگ میٹنگ میں توبہ کا ایک گیت گایا گیا۔ میں نے اپنی آنکھیں بند کر لیں کیونکہ میں نے دنیا کو دوست بنایا تھا اور کلام کے مطابق زندگی نہیں گزارتا تھا۔ میں نے بے تحاشہ آنسو بہائے۔ جب میں نے سینئر پاسٹر سے دعا کروائی، اور اپنی آنکھیں کھولیں تو کہ آنسو صاف کر سکوں۔ تب، میں حیران رہ گیا۔ میری آنکھوں سے نظر آنے والی سیاہ لکیریں غائب ہو گئی تھیں اور چیزیں صاف نظر آ رہی تھیں۔ ہالیلویاہ!



2017 میں

میری نظر1.5/0.3 تھی لیکن اب ٹھیک ہو کر 1.5/1.5 ہو گئی تھی۔ میں سب کچھ صاف صاف دیکھ سکتا ہوں۔ مجھے امید ہے کہ مانمن کا رُکن بن کر میں تبدیلی کا پھل بنوں گا۔ میں سارا جلال خدائے محبت کو دیتا اور اس کا شکرکرتا ہوں۔

سمر ریٹریٹ 2015



## "میرے بیٹے کو دماغی عارضہ سے شفا ملی"

ڈیکن جنُوک کم، عمر 41 سال، پیرش 12 مانمن سینٹر چرچ

تشخیص میں بتایا گیا کہ میرے بیٹے کو درجہ 1 کی ذہنی معذوری ہے، جب وہ ابھی 20 ماہ کا تھا۔ اس کی معذوری متوقع طور پر دماغی عارضہ تھی۔ اس کی وجہ طبّی اعتبار سے تو ظاہر نہ ہو سکی لیکن میں نے چرچ میں سنا کہ والدین کا گناہ اس کی خاص وجہ ہے۔ جب والدین کی تقدیس ہو جائے تو بچے کو بھی شفا ہو سکتی ہیں۔ میں نے اپنے ایمانی زندگی کا ازسرِ نو جائزہ لینا شروع کر دیا۔ اس وقت، میں خداوند کا دن پاک نہیں مانتا تھا اور کاروباری مصروفیات کا بہانہ بناتا تھا۔

میں نے اپنی بیوی کے ساتھ دانی ایل کی دعائیہ عبادت میں جانا شروع کیا۔ میں ہر رات توبہ کرتا اوراپنے دل میں بیٹے کے ساتھ سینئر پاسٹر سے بیماروں کے لئے ہر عبادت میں کی جانے والی دعا کرواتا تھا۔ اس کے بعد، میرے بیٹے نے ہماری طرف دیکھنا شروع کر دیا اور ہمارے ساتھ بات چیت شروع کی حالانکہ وہ اس قابل نہیں تھا۔ میں نے جس قدر ایمان کی بحالی پائی، میرے بیٹے میں اتنی ہی زیادہ بہتری آتی گئی۔ ابتدائی سکول جانے سے پہلے اُس کے دماغ کا دوبارہ معائنہ ہوا۔ نتیجہ یہ سامنے آیا کہ سوائے بول کر بات بیان کرنے میں، وہ ہر طرح سے بالکل نارمل تھا۔ اُس کی ریاضی کی لیاقت اور فاصلوں کا ناپ تول عام بچوں سے بھی بہتر تھا، جس نے ڈاکٹروں کو حیران کر دیا۔



2017 میں موجُو کے مقام پہ

اگست 2015 میں مانمن سمر ریٹریٹ کے دوران وہ مزید بہتر ہوا اور سب حصے بہتر ہو گئے۔ میں سٹیج پر گیا اور اُسے ساتھ لے کر گواہی دی۔ میرے بیٹے منسلِنگ کی سیکھنے کی لیاقت بھی بڑھی، اور وہ دانشمند بچے کی طرح پرورش پا رہا تھا جو دوسروں کے جذبات کا خیال رکھتا ہو۔ میں سارا جلال خدا کو دوں گا اور اسی کی شکر گزاری کروں گا۔

## مانمن ایتھلیٹک مقابلے! ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں نے ہمارے دل اور بدنوں کو تازہ کر دیا

مانمن 2017 سمر ریٹریٹ کے دوسرے دن، مانمن ایتھلیٹک کے مقابلے ہوئے۔ پہلی گریٹ گرینڈ پیرش میں چائنیز اور سمندر پار پیرشز شامل تھیں، جبکہ دوسری گریٹ گرینڈ پیرش، اور تیسری گریٹ گرینڈ پیرش میں چرچ کی ذیلی شاخوں کی ٹیموں نے مقابلہ میں حصہ لیا۔

انہوں نے دس گیمز میں 24 سونے کے تمغوں کیلئے مقابلہ کیا۔ ٹگ وار، بیلون رولنگ، بیڈ منٹن، سو میٹر کی ریس، والی بال، مِنی سوکر، لمبے فاصلے کی دوڑ، کُشتی، بازو کی زور آزمائی، اور ریلے ریس شامل ہیں۔

اِس سال ذیلی شاخ چرچ کی ٹیم فائنل مقابلہ جیتنے والی ٹیم تھی، اس نے سونے کے بارہ تمغے جیتے۔ چیئر لیڈنگ پرفارمنس کا ایوارڈ تیسرے گریٹ گرینڈ پیرش کے حصہ میں آیا۔ ایم وی پی، مرد اور خواتین، بالترتیب کیتوپی جیکب اور موئینڈوا کیتھرین کو دیا گیا، وہ دونوں نیروبی مانمن ہولینس چرچ سے ہیں۔

چونکہ خد انے سورج کو بادلوں سے ڈھانپ دیا تھا اور ٹھنڈی ہوا کے جھونکے مسلسل چل رہے تھے، اس لئے اراکین کے مقابلوں کی خوشی اور بھی دو چند بڑھ گئی تھی۔ انہوں نے بہت لطف اٹھایا جب دوسری ٹیموں نے جیت کر ایک دوسرے کی جیت پر مبارکباد دی۔ انہوں نے یگانگت، خداپرستی اور خداوند کی محبت میں صلح کے ساتھ مقابلوں میں حصہ لیا۔



## کیمپ فائر عبادت اور حمد و ثنا! پاک روح کی آگ خداوند کی ستائش کے درمیان نازل ہوئی

تیسرے دن، سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے کیمپ فائر عبادت کی قیادت کی اور معاون قائدین کے ساتھ مل کر حمد و ثنا کی، جن میں پاسٹر یوُری دو، اور سسٹر جیونگیوم کم شامل ہیں۔
پرفارمنگ آرٹس کمیٹی نے مرکزی موضوع کے ساتھ پروگرام "حمد و ثنا اور عبادت" میں ہدایت کاری کی، جس کا ذیلی موضوع تھا "مانمن کے گلے، مجھے تم سے پیار ہے"۔ پروگرام کے دوران اراکین کو چرواہے کی محبت اور قربانی یاد آئی جس سے اُن میں نئے یروشلیم میں چرواہے کے قلعہ کی طرف دوڑنے کی تمنامزید بڑھی۔ سارے پروگرام کا نظریہ اس مقصد کے لئے تھا کہ جو لوگ چرواہے کا پھل بنے ہیں وہ خدا کی تعریف اور حمد و ثنا چرواہے کے ساتھ اُس کے نئے یروشلیم کے قلعہ میں کریں۔

سٹیج کے دوحصے تھے، اندرونی اور بیرونی، جو بالترتیب دنیا اور چرواہے کی جگہ، تاریکی اور نُور کی نمائندگی کرتے ہیں۔ سکرین کے بھی دو حصے تھے: مرکزی سکرین اور معاون سکرین جو صلیب کی شکل میں تھی، یہ خدا اور ہمارے درمیان گزر گاہ کی علامت تھی۔

کئی خصوصی فنی مظاہرے بھی ہوئے۔ ریت کا ایک اینی میشن بھی تھا جس میں مانمن کی رویا دکھائی گئی جس سے پوری دنیا کا ازسرِ نوتخلیق کی قوت کے ساتھ احاطہ کیا جائے گا۔ اور پرفارمنگ آرٹس کمیٹی نے رقص کر کے فنی مظاہرہ کیا جس کا موضوع تھا "سب قوموں کے لوگ"۔

پروگرام کے شروع میں سینئر پاسٹر ڈاکٹر لی نے شرکاٗ کو بتایا کہ پاک روح کی آگ آئے گی اور شفا کے کام اور دعاؤں کا جواب ملے گا اور برکات ملیں گی۔ اس کے بعد انہوں نے دوبارہ ان کیلئے دعا کی کہ ان کو نئے یروشلیم کی امید ملے اور وہ زیادہ اشتیاق کے ساتھ دوڑیں۔ انہوں نےگیت گا کر اور رقص کر کے اپنے جذبات کا اظہار کیا۔




جي سي ان GCN
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

WCDN
World Christian Doctors Network
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7334
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com